**فوری ریلیز کے لیے:** 16/3/2023 ***گورنر KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کی جانب سے ہارلم میں سابقہ لنکن اصلاحی سہولت سائٹ کے لیے تجاویز کی طلبی کا اعلان***

***تجاویز کی طلبی میں سستی رہائش اور اقلیتی اور خواتین کی ملکیت والی ترقیاتی فرموں کو ترجیح دی گئی ہے***

***23 مئی تک جمع کروائی جانے والی تجاویز کی طلبی یہاں دیکھیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج ہارلم میں 31 - 33 ویسٹ 110 ویں سٹریٹ پر واقع سابقہ لنکن اصلاحی سہولت کی دوبارہ تیاری کے لیے تجاویز طلب کرنے کا اعلان کیا ہے۔ فی الحال غیر استعمال شدہ، 10,000 مربع فٹ سائٹ، سنٹرل پارک سے سڑک کے پار، ایک پُررونق اور پائیدار عمارت تعمیر کرنے کا ایک موقع پیش کرتی ہے جو اقتصادی صلاحیت کو زیادہ سے زیادہ کرے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں معاون ہو، اور نیو یارک سٹی میں سستی رہائش کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرے۔ درخواست دہندگان تجاویز کی طلبی کی دستاویز یہاں دیکھ سکتے ہیں اور 23 مئی 2023 کو ایسٹرن ٹائم کے مطابق دوپہر 2:00 بجے تک ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کو تجویز جمع کر سکتے ہیں۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "سابقہ لنکن اصلاحی سہولت ایک وسیع، متروک سہولت کو ایک علاقائی مرکز میں تبدیل کرنے اور سستی رہائش جیسی اہم ضروریات کو پورا کرنے کا ایک اہم موقع پیش کرتی ہے۔ میری انتظامیہ خالی اور غیر استعمال شدہ جیلوں کے بارے میں تخلیقی اور حکمتِ عملی کے ساتھ سوچنا جاری رکھے گی - بشمول جیلوں کی دوبارہ تیاری کے کمیشن کی سفارشات کا جائزہ - تاکہ ہماری رہائش کی صلاحیت کو غیر مقفل کیا جا سکے، اقتصادی مواقع کو بڑھایا جا سکے، اور نیو یارک کو آگے بڑھایا جا سکے"۔

اس سے قبل، گورنر Hochul نے نیو یارک کے رہائشی عہد کا اعلان کیا تھا، جو کہ بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے اگلی دہائی میں 800,000 نئے مکانات تعمیر کرکے نیو یارک کے رہائش کے بحران سے نمٹنے کے لیے ایک ریاستی حکمتِ عملی ہے۔ گورنر کے نیو یارک کو مزید سستا بنانے کے نصب العین کو آگے بڑھانے کی کوشش میں، درخواستوں کی طلبی (Request for Proposal, RFP) لنکن دوبارہ تیاری کے جزو کے طور پر بنائے گئے سستے یونٹوں کی تعداد کو زیادہ سے زیادہ کرنے کی تجاویز کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ منصوبہ اقلیتی افراد اور خواتین کی ملکیتی (Minority and Women-owned Business Enterprise, MWBE) ترقیاتی فرموں کے ساتھ کام کرنے کو بھی ترجیح دے گا اور MWBEs کی قیادت والی تجاویز کو دستیاب پوائنٹس کا 20 فیصد تک دے گا۔

**ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "لنکن اصلاحی مرکز کی دوبارہ تیاری سائٹ کو ایک زبردست، پائیدار عمارت کے طور پر دوبارہ تصور کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے جو ہارلم کے علاقے کی اقتصادی اور رہائشی ضروریات کو پورا کرتی ہے۔ نیو یارک کو مزید سستا بنانے کے گورنر کے عزم کی بنیاد پر، یہ RFP بنائے گئے سستے یونٹوں کی تعداد کو زیادہ سے زیادہ بنانے کے لیے تجاویز کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ سستی رہائش کے ساتھ ساتھ MWBEs کی بامعنی شرکت کو ترجیح دے کر، ہم اس بات کو یقینی بنا سکتے ہیں کہ یہ عمارت جامع، مساوی، اور رہائش گاہوں کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرتی ہے۔ ہم دلچسپی رکھنے والے فریقین پر زور دیتے ہیں کہ وہ ایسی اختراعی تجاویز پیش کریں جو کہ سستی رہائش فراہم کرنے کے لیے سائٹ کی

صلاحیت کو مکمل طور پر بروئے کار لائیں اور مواقع کا ایک فروغ پزیر مرکز بنائیں جس سے آس پاس کے علاقے کو فائدہ پہنچے"۔

سنہ 1976 میں اصلاحی سہولت کے طور پر کھلنے سے پہلے، عمارت کے کئی شہری اور علاقائی استعمال تھے۔ سنہ 1914 میں تعمیر کردہ، اس عمارت کو دراصل نوجوان خواتین کی عبرانی ایسوسی ایشن نے نئے آنے والے تارکینِ وطن کی خدمت کے لیے استعمال کیا تھا۔ دوسری جنگِ عظیم کے دوران، اس عمارت نے امریکی فوج کے لیے آرام کی جگہ فراہم کی۔ سنہ 1940 کی دہائی کے آخر اور 1950 کی دہائی کے اوائل میں، اس عمارت کو نیو یارک سٹی کے سکول کے نظام نے کرائے پر لے لیا اور اسے "دی نیو لنکن سکول" کے طور پر استعمال کیا گیا۔ سنہ 1951 میں، نیو یارک سٹی نے اس عمارت کو سکول کے طور پر مسلسل استعمال کے لیے خریدا۔ سنہ 1976 سے ستمبر 2019 تک، یہ عمارت کم از کم حفاظتی اصلاحی سہولت کے طور پر کام کرتی تھی۔

لنکن اصلاحی سہولت سنہ 2019 میں ریاست کی جاری پہل کاری کے ایک جزو کے طور پر بند کر دی گئی تھی تاکہ ریاست نیو یارک میں کم استعمال شدہ متعدد اصلاحی سہولیات کو ختم کیا جا سکے۔ سائٹ کا مقام سینٹرل پارک کے بالکل سامنے ہے اور عوامی سواری، پرچون کی دکانوں، سکولوں اور پریمیئر ثقافتی اداروں کے قریب ہے۔ یہ RFP میں متعین مقاصد کے لیے دوبارہ تیاری کا ایک منفرد اور دلچسپ موقع پیش کرتا ہے، جس میں سستی رہائش نیز ہارلم کے علاقے کے لیے نئی ثقافتی اور تعلیمی جگہیں بھی شامل ہیں۔

اس RFP کے بنیادی ترقیاتی مقاصد میں سائٹ کی دوبارہ تیاری کے ذریعے نیو یارک شہر اور ریاست کو زیادہ سے زیادہ اقتصادی فائدہ پہنچانا ہے جس سے سستے گھروں کی تخلیق کو آگے بڑھانا، نئی ملازمتیں پیدا کرنا، ملازمت کی تربیت کے مواقع فراہم کرنا، مقامی معیشت کو متحرک کرنا، اور سائٹ کو مقامی علاقے میں ضم کرنا شامل ہے۔ ان اہداف کو ترجیح دے کر، سائٹ جامع اور پائیدار شہری عمارت کے لیے ایک عمل انگیز کا کام کر سکتی ہے، رہائشیوں کی زندگیوں پر مثبت اثر ڈال سکتی ہے، اور خطے کی طویل المعیاد ترقی اور خوشحالی میں اپنا حصہ ڈال سکتی ہے۔

RFP کی تشخیص میں زیادہ سکور حاصل کرنے کے لیے، تجاویز کو مندرجہ ذیل ترقیاتی مقاصد کو پورا کرنا چاہیے:

- سستے رہائشی یونٹوں کی تعداد کو زیادہ سے زیادہ کرنا
- مقامی باشندوں کے لیے ملازمت کے نئے مواقع فراہم کرنا
- خوب سوچ بچار کردہ منصوبہ بندی اور ڈیزائن کے اصولوں کی نمائش کرنا
- پائیدار اور آلودگی سے پاک عمارت کی روایات کو یکجا کرنا
- اقلیتی ملکیت والے کاروباری اداروں (Minority Owned Business Enterprises, MBE)، خواتین کی ملکیت والے کاروباری اداروں (Women Owned Business Enterprises, WBE) اور سروس سے معذور سابق فوجیوں کی ملکیت والے کاروباری اداروں (Service-Disabled Veteran-Owned-Businesses, SDVOB) کی بامعنی شرکت کو یقینی بنانا۔

لنکن اصلاحی سہولت کی دوبارہ تیاری گورنر Hochul کی ریاست نیو یارک میں جدید تعمیرِ نو کے مواقع کے لیے ریاست کے شمالی حصے میں بند جیلوں کو دوبارہ تعمیر کرنے کی کوششوں کی تکمیل کرتی ہے۔ دسمبر 2022 میں، گورنر Hochul نے [نیو یارک کے جیلوں کی دوبارہ تیاری کے کمیشن کی سفارشات] جاری کیں جن میں 12 بند جیلوں کی تفصیلات کا تجزیہ کیا گیا ہے اور ریاست کی معاشی ضروریات کو بہتر طریقے سے پورا کرنے میں مدد کرنے کے لیے ہر سائٹ کے لیے دوبارہ تیاری کے مواقع پر غور کیا گیا ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں